# سندھ آرڈیننس نمبر I مجریہ 2012

# SINDH ORDINANCE NO.I OF 2012

# زمین کا حصول (سندھ ترمیم) آرڈیننس، 2012

# THE LAND ACQUISITION (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 2012

## فہرست (CONTENTS)


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement
2. 1894 کے ایکٹ I میں ترمیم
Amendment of Act No. I of 1894

# سندھ آرڈیننس نمبر I مجریہ 2012

# SINDH ORDINANCE NO.I OF 2012

# زمین کا حصول (سندھ ترمیم) آرڈیننس، 2012

# THE LAND ACQUISITION (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 2012

[30 جنوری، 2012]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ صوبے میں نافذ کرنے کے لیئے زمین کے حصول ایکٹ، 1894 میں ترمیم کی جائیگی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ صوبے میں لاگو کرنے کے لیئے زمین کے حصول ایکٹ، 1894 میں ترمیم کرنا ضروری ہو گیا ہے، جو اس طرح ہو گی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہو گیا ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان 1973 کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (ا) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

1. اس آرڈیننس کو زمین کا حصول (سندھ ترمیم) آرڈیننس، 2012 کہا جائیگا۔

| | |
|---|---|
| Short Title and commencement | (۲) یہ ایک ہی وقت میں نافذ ہو جائے گا اور 5 نومبر 2011 سے کارگر سمجھا جائے گا۔ |
| 1894 کے ایکٹ I میں ترمیم<br>Amendment of Act No. I of 1894 | 2. زمین کے حصول ایکٹ 1894 کے دوراں، صوبہ سندھ کے لیئے اس کا اطلاق ہوتا ہے، الفاظ "ڈسٹرکٹ آفیسر (ریونیو) کے لیئے لفظ "کلیکٹر" اور الفاظ "ایگزیکٹیو ڈسٹرکٹ آفیسر (ریونیو)" کے لیئے لفظ "کمشنر" متبادل ہو گا۔ |
| | **نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جس کو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔** |